# کینیڈا میں اپنا کریڈٹ اسکور بنانا اور برقرار رکھنا:
# Servus Credit Union کی طرف سے ایک گائیڈ

**کینیڈا اور Servus Credit Union میں خوش آمدید!**

ہم آپ سے یہاں مل کر بے حد مسرور ہیں۔ یہ معلوماتی پرچہ آپ کو اپنا کریڈٹ اسکور بنانے اور برقرار رکھنے کے عمل میں آپ کی رہنمائی کرے گا اور آپ کو اپنے کریڈٹ کو بہترین انداز سے منظم کرنے کے لیے تجاویز فراہم کرے گا۔

کینیڈا میں کریڈٹ اسکور بنانے میں وقت لگتا ہے۔ جیسے ہی آپ کو قرضہ ملتا ہے اور آپ رقم واپس کرتے ہیں، تو آپ کا "کریڈٹ اسکور" قرض دہندگان کو آپ کے کریڈٹ کی اہلیت کے متعلق آگاہی کے لئے تیار کیا جاتا ہے۔ آپ کا اسکور نئی معلومات کی بنیاد پر ہر مہینے اپ ڈیٹ ہوتا رہتا ہے اور قرضہ جات، رہن، سیل فونز، یوٹیلیٹیز، کرایہ وغیرہ کی درخواست دینے کے لیے ضروری ہے۔

تو، آپ شروعات کہاں سے کریں؟ کینیڈا میں بہت سے نئے آنے والے تارکین وطن کریڈٹ کارڈ کے حصول کے لئے اپنا کریڈٹ اسکور بنانا شروع کر دیتے ہیں، جیسا کہ ماسٹر کارڈ۔Servus Credit Union ® ہمارے ممبران کو ماسٹر کارڈ پیش کرتا ہے. ایک بار منظور ہونے کے بعد، آپ کا کارڈ کچھ ہفتوں کے اندر، ایک حد، مثال کے طور پر، 1,000$ کے ساتھ بذریعہ ڈاک موصول ہو جائے گا۔ اس کے بعد آپ اسے اپنی حد تک گیس، گروسری، فون کے بل، سفر اوران جیسی مزید کچھ اور خریداریوں کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔ کریڈٹ کارڈ بینک سے دوبارہ قابل استعمال قرضہ کے طور پر کام کرتا ہے۔

**یہاں ایک مثال ہے کہ بلنگ سائیکل کسی ممبر کے کریڈٹ کارڈ کیلئے کس طرح سے کام کرتا ہے:**

**پہلا دن:** آپ کا کارڈ فعال ہو جکا ہے اور اسے 30 دن کا بلنگ سائیکل شروع کرتے ہوئے خریداری کے لئے قابلِ استعمال ہے۔

**30 واں دن:** جیسے ہی بلنگ سائیکل ختم ہوتا ہے اور کریڈٹ یونین آپ کو سائیکل کے دوران کی گئی تمام خریداریوں کا بل بھیجے گی۔ آپ پر سود کا اطلاق ہونے سے پہلے، بل ادا کرنے کے لئے آپ کے پاس 21 دن ہیں۔30 واں دن اگلے بلنگ سائیکل کے آغاز کی علامت بھی ہے۔

**دن 51:** پہلے بلنگ سائیکل کے لئے مکمل بل واجب الادا ہے۔ آپ اسے اس تاریخ سے پہلے ادا کر سکتے ہیں یا اپنے مالیاتی مشیر کی مدد سے خودکار ادائیگیوں کو ترتیب دے سکتے ہیں۔

**جب تک آپ کے پاس اپنا ماسٹر کارڈ ہے تب تک یہ بلنگ سائیکل ہرماہ کو دہرایا جاتا ہے۔ جلدی ہی، آپ کو پتہ چل جائے گا کہ آپ کا بل ہر ماہ کو کب واجب الادا ہے۔**

اپنے ماسٹر کارڈ بل کو بروقت اور مکمل طور پر ادا کرنے سے آپ کو اپنا کریڈٹ اسکور بنانے اور سود کے اخراجات کو ختم کرنے میں مدد ملے گی۔ اسٹیٹمنٹ بیلنس کے خلاف جزوی ادائیگیوں کے نتیجے میں کچھ سود ابھی بھی وصول کیا جاتا ہے۔ اگر آپ مقررہ تاریخ تک کم از کم اپنی ادائیگی نہیں کرتے ہیں تو اس سے آپ کے کریڈٹ اسکور پر منفی اثر پڑے گا۔ آپ کے ماسٹر کارڈ کے معاہدے میں سود کی شرح کی ساری معلومات شامل ہوں گی، جو کہ آپ کے کارڈ کے ساتھ آئے گی۔

**آپ کے کریڈٹ کےاسکور کو بنانے اور برقرار رکھنے میں آپ کی مدد کرنے کے لیے کچھ تجاویز ہیں:**

1. **تمام بل بروقت اور پورے ادا کریں۔** یہ سود کے اخراجات کو ختم کرے گا اور آپ کے کریڈٹ اسکور کو بہتر بنائے گا یاد رکھیں، ماسٹر کارڈ فنڈز ادھار لئے گئے ہیں، لہذا ہمیشہ یہ یقینی بنائیں کہ آپ کے بینک اکاؤنٹ میں بیلنس کو کور کرنے کے لئے خاطر خواہ رقم موجود ہے۔
2. **ہمیشہ کم از کم ادائیگی کریں۔** اگر آپ مکمل ادائیگی نہیں کر سکتے ہیں تو اپنے ماہانہ بل پر ظاہر کردہ کم از کم رقم کی ادائیگی کرنا یقینی بنائیں۔
3. **ایک ہی دفعہ میں بہت زیادہ کریڈٹ کے لئے درخواست نہ دیں۔** مختصر مدت میں متعدد درخواستیں آپ کے کریڈٹ اسکور کو نقصان پہنچا سکتی ہیں۔ زیادہ تر لوگوں کو صرف ایک کریڈٹ کارڈ کی ضرورت ہوتی ہے، بلخصوص پر جب وہ کینیڈا میں نئے آئے ہوں۔
4. **باقاعدگی سے بچت کا منصوبہ شروع کریں۔** مستقبل کی خریداریوں، ہنگامی حالات اور زندگی کے دیگر اہم واقعات کے لیے بچت کے بارے میں اپنے مالیاتی مشیر سے بات کریں۔
5. **سال میں ایک دفعہ اپنا کریڈٹ چیک کریں۔** آپ کا مالیاتی مشیر آپ کو اپنے کریڈٹ اسکور کی ایک کاپی آرڈر کرنے اور یہ یقینی بنانے کے لئے رپورٹ کرنے میں مدد فراہم کر سکتا ہے کہ کسی دوسرے نے آپ کی شناخت استعمال کرنے کی کوشش نہیں کی ہے۔ اگر آپ کو کسی بھی قسم کی پریشانی کا سامنا ہوتا ہے تو کارروائی کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ آپ اپنے مالی مشیر سے رابطہ کریں۔ جتنا جلد آپ ہم سے Servus پر رابطہ کریں گے، ہم اتنی ہی زیادہ مدد کر سکتے ہیں۔

**1.877.378.8728 | servus.ca**

ماسٹر کارڈ اور سرکلز ڈیزائن ماسٹر کارڈ انٹرنیشنل انکارپوریٹڈ کے رجسٹرڈ ٹریڈ مارک ہیں۔
®/™ Servus کریڈٹ یونین، Servus، Servus سرکل اور سارے متعلقہ لوگوز Servus کریڈٹ یونین کی دانشورانہ املاک ہیں۔